کیٹ لاگ

2026

اردو مطبوعات



نالج
پارٹنر آف دی نیشن

نیشنل بک ٹرسٹ، اِنڈیا
وزارتِ تعلیم، حکومتِ ہند
nbt.india
एकः सूते सकलम्

#NDWBF26

فہرست

کچھ اپنے بارے میں	3
ہندوستان سرزمین اور لوگ	6
پی ایم۔ یُووا سیریز	9
ینگ انڈیا لائبریری	11
پاپولر سائنس	14
متفرقات	17
آدان پردان	21
قومی سوانح	36
فوکلور آف اِنڈیا	42
راشٹریہ بال پستکالیہ	43
بچوں کے لیے رنگارنگ تصویروں سے بھری کتابیں	66
ذولسانی ایڈیشن سیریز	67
ایشیا پیسیفک مشترکہ اشاعتی پروگرام	71
ڈاکٹر ذاکر حسین کی یاد میں	73
سیریز برائے مسلسل تعلیم نوخواندوں کے لیے کتابیں	75
نوخواندوں کے لیے	79
ہماری تازہ ترین مطبوعات	81

••स्कैन्ड/ Scanned••

کچھ اپنے بارے میں

کتابوں کی تشہیر اور مطالعہ کی عادت کو بڑھاوا دینے کے لیے 1957 میں حکومت ہند کے قائم کردہ نیشنل بک ٹرسٹ کی کارگزاریوں کو جن پانچ اہم حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے وہ یہ ہیں: (1) پبلشنگ (2) کتابوں کی تشہیر و پھیلاؤ اور مطالعہ کا فروغ (3) بدیشوں میں ہندوستانی کتابوں کی فراہمی (4) مصنفوں اور ناشروں کو مالی تعاون اور (5) بچوں کے ادب کا فروغ۔ ان کارگزاریوں کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

پبلشنگ

ہم سماج کے ہر طبقے، ذوق اور عمر کے قارئین کے لیے کتابیں شائع کرتے ہیں۔ ان میں بچوں اور نوخواندوں کے لیے کتابیں بھی شامل ہیں۔ ہمارے مختلف سلسلہ کتب کے تحت ناول، افسانے اور بے حد معلوماتی کتابیں انتہائی مناسب قیمتوں پر ہندی، انگریزی کے ساتھ اسمیہ، اُڑیا، کنڑ، گجراتی، تمل، تیلگو، پنجابی، بنگلہ، مراٹھی، ملیالم، اُردو، کشمیری، کونکنی، نیپالی اور منی پوری میں شائع کی جاتی ہیں۔ ان کے علاوہ کچھ منتخب عوامی بولیوں میں بچوں کی کتابوں کا ترجمہ کرایا جارہا ہے۔ یہ بولیاں ہیں: آؤ، کھاسی، گارو، گینڈی، بھیلی، می سینگ، میزو اور سنتھالی۔

ہم پبلشنگ کے ان رخوں کی طرف زیادہ توجہ دیتے ہیں جو اہم ہونے کے باوجود ہندوستان میں نظرانداز ہوجاتے ہیں جن میں عام قاری کے لیے عام فہم سائنس اور دیگر معلوماتی مواد فراہم کرنے کے ساتھ ملک کے مختلف پہلوؤں پر کتابیں شائع کرنا بھی شامل ہے۔

ہم مختلف زبانوں میں اصل اور تراجم کی اشاعت کے ساتھ اہم کتابوں کے نظرثانی کردہ ایڈیشن شائع کر کے ہندوستان کی ہر زبان میں کتابوں کا ایک متوازن سیٹ فراہم کرانے کی اپنی کوششوں میں کامیاب بھی ہوئے ہیں۔ساتھ ہی کتابوں کی تقسیم وفروخت کے تعلق سے بھی ہم اپنے نیٹ ورک کوفعال بنا رہے ہیں تا کہ ہماری کتابیں مناسب قیمتوں پر عام قاری کو مل سکیں۔

کتابوں کی تشہیر، پھیلاؤ اور مطالعہ کا فروغ

ملک بھر میں کتاب میلوں اور نمائشوں کا انعقاد کر کے ہم کتابوں کی تشہیر و پھیلاؤ کے ساتھ مطالعہ کی عادت کوفروغ دینے کے لیے ذمہ داری نبھاتے ہیں۔ان میں دیہاتوں میں لگائی جانے والی نوخواندگان کے لیے تیار کی گئیں کتابوں کی نمائشیں بھی شامل ہیں۔ستمبر 1992 سے شروع کی جانے والی اس سلسلہ نمائش کے تحت اب تک ہندوستان بھر میں مثلاً آندھرا پردیش، بہار، آسام، اُتر پردیش، تمل ناڈو، دہلی، پنجاب، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، گوا، ہماچل پردیش، اُڑیسہ، کیرالہ، راجستھان اور ہریانہ شمال مشرقی علاقے میں تقریباً نمائشیں لگائی جا چکی ہیں۔

ہر سال ہم نئی دہلی عالمی کتاب میلہ کا اہتمام کرتے ہیں جو ملک کے سب ہی میلوں سے بڑھ کر ایشیا اور افریقہ کا سب سے بڑا کتاب میلہ ہوتا ہے۔پرگتی میدان کے مختلف ہالوں میں لگ بھگ 25 ہزار مربع میٹر جگہ میں لگنے والے اس میلہ میں دیش بدیش سے کتابوں کی صنعت کے بارہ سو سے زیادہ لوگ حصہ لیتے ہیں۔اس سال نئی دہلی عالمی کتاب میلہ 10 فروری سے 18 فروری 2024 تک پرگتی میدان میں منعقد ہوگا۔

صنعت کتب کی ترقی کے لیے ہم کتابوں کی تشکیل، پیداوار اور فروخت کے ساتھ منسلک لوگوں کے لیے مباحثوں، سمینار اور ورکشاپوں کا انعقاد کرتے ہیں۔پبلشنگ سے متعلق لوگوں کے لیے ہم تربیت اور تازہ کار کورسوں کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔

ہر سال 14 سے 21 نومبر تک ہماری پہل پر ملک بھر میں تعلیمی اور دوسری تنظیمیں، علمی اور اشاعتی ادارے کتابوں سے متعلق پروگراموں، مقابلوں اور کتاب نمائشوں کا اہتمام کر قومی کتاب ہفتہ مناتے ہیں۔ڈاک کے ذریعہ ہم ملک بھر میں تشہیری مواد بھیجتے ہیں اور اس نظریہ کو ملک بھر میں پھیلانے کے لیے ہمیں الیکٹرانک اور اشاعتی میڈیا سے بھرپور مدد ملتی ہے۔

بدیشوں میں ہندوستانی کتابوں کی فراہمی

بدیش میں ہندوستانی کتابوں کے تعارف اور فراہمی کے لیے خاص طور سے جنوبی ایشیائی اور افریقی ملکوں میں ہم بین الاقوامی کتاب میلوں میں شریک ہوتے ہیں اور ہندوستان کے مختلف ناشرین کی شائع کردہ منتخب کتابوں کی خصوصی نمائشیں بھی لگاتے ہیں۔

مصنفوں اور ناشروں کو مالی تعاون

اعلیٰ تعلیم کے لیے مناسب قیمتوں پر کتابوں کی اشاعت کو بڑھاوا دینے کے لیے ہم درسی کتابوں اور متعلقہ مواد کے مصنفوں اور ناشروں کو مالی امداد فراہم کرتے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت صرف ایسی کتابوں کے لیے مالی امداد دی جاتی ہے جن کی فراہمی بے حد ضروری ہو اور جو ایسے موضوعات کی ہوں جن میں منظور شدہ معیار کی کتابیں ملتی نہ ہوں یا جن کی قیمت طالب علم کی قوت خرید سے باہر ہو۔

بچوں کے ادب کا فروغ

ہم نے مختلف ہندوستانی زبانوں میں بچوں کے ادب کو بڑھاوا اور کتابوں کی اشاعت میں تعاون دینے کے لیے نیشنل سینٹر فار چلڈرن لٹریچر قائم کیا ہے۔ بچوں کی کتابوں اور مخطوطات کی ایک لائبریری کی تشکیل کے ساتھ یہ مرکز اسکولی تعلیم کی سطح پر مطالعہ کی عادت کو فروغ دینے کے لیے اسکولوں میں ریڈرز کلب قائم کرنے کی ہمت افزائی کرے گا اور کتابوں کی نمائشوں اور ورکشاپوں کا بھی اہتمام کرے گا۔

ہمارے اشاعتی پروگرام

ہم مندرجہ ذیل سلسلوں کے تحت کتابیں شائع کرتے ہیں:

ہندوستان سرزمین اور لوگ

اس سلسلہ کے تحت شائع ہونے والی کتابیں طبعی ماحول، ثقافتی روایتوں اور رسم و رواج سے تعارف کراتی ہیں، جنھوں نے ہندوستان کو مشترکہ اور رنگارنگ کردار سے مالامال کر رکھا ہے۔ یہ کتابیں تکنیکی زبان اور سادہ اسلوب میں ماہرین سے لکھوائی جاتی ہیں، جن سے مصدقہ اور تازہ ترین معلومات ان قارئین کو بھی ملتی ہیں جو موضوع سے انجان ہوتے ہیں۔

1۔ آپ اور آپ کی غذا — کے، ٹی، اچیا — مترجم: منموہن تلخ

ہماری غذا یعنی غذاؤں کے بارے میں یہ ایک معلوماتی کتاب ہے جو مصنف کی برسوں کی تحقیق کا نچوڑ ہے۔ کیا کھائیں، کھانا کیسے ہضم ہوتا ہے، معیاری غذا کسے کہتے ہیں وغیرہ جیسے سوالات کا اس کتاب میں وضاحت سے جواب دیا گیا ہے۔

صفحات: 120

2۔ ادویاتی پودے — ایس۔ کے۔ جین — مترجم: شمس الاسلام فاروقی

Medicinal Plants

اگرچہ ہماری بعض دیسی بوٹیوں کی معالجاتی خصوصیات کے حوالے قدیم ہندوستانی تصانیف میں بھرے پڑے ہیں اور ساتھ ہی زبانی ادب میں بھی جو ہمارے ملک کے بہت سے حصوں میں مروج ہے۔ آج تک جذبات سے ہٹ کر ان کے سائنٹفک احتساب اور حقائق کو مفروضات سے الگ کرنے کی منظم کوششیں نہیں کی گئیں۔ حالیہ اندازوں کے مطابق ہندوستان میں انسانی امراض کے علاج میں

استعمال ہونے والی تین چوتھائی دوائیں پودوں کی دین ہیں۔اس میدان میں کئی برس تک کی گئی خود اپنی اور دوسروں کی تحقیقات کی بنیاد پر ڈاکٹر جین ہمارے ملک کے ایسے مفید پودوں کا خاکہ مکمل تصاویر کے ساتھ اس کتاب میں پیش کرتے ہیں۔

ISBN 978-81-237-3247-3 صفحات:193 2013 قیمت:100

3۔البیرونی کا ہندوستان (دوسری طباعت) مؤلف: قیام الدین احمد مترجم: عبدالحیٔ

مشہور سیاح البیرونی کا سفرنامہ، قدیم ہندوستان کی معتبر تاریخ کی حیثیت رکھتا ہے جس میں البیرونی نے ہندوستانی زندگی کے مختلف گوشوں کا جائزہ لیا ہے۔ ہندوستان کی تاریخ وثقافت سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ کتاب ایک اہم ماخذ ہے۔

ISBN 978-81-237-0641-3 صفحات:263

4۔البیرونی کا ہندوستان (دوسری طباعت) مؤلف: قیام الدین احمد مترجم: عبدالحیٔ

مشہور سیاح البیرونی کا سفرنامہ، قدیم ہندوستان کی معتبر تاریخ کی حیثیت رکھتا ہے جس میں البیرونی نے ہندوستانی زندگی کے مختلف گوشوں کا جائزہ لیا ہے۔ ہندوستان کی تاریخ وثقافت سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ کتاب ایک اہم ماخذ ہے۔

ISBN 978-81-237-0641-3 صفحات:263

5۔باغاتی پھول وشنوسروپ مترجم: شمس الاسلام فاروقی

یہ کتاب ایک غیر ماہر کے لیے پھولوں کی دنیا کے گرد ایک پیکیج ٹور کے مانند ہے جس میں ہندوستان کا خصوصی حوالہ ہے۔

ISBN 978-81-237-4225-0 صفحات:193

6۔سبزیاں بشواجیت چودھری مترجم: اجمل اجملی
Vegetables

پیش نظر کتاب میں ڈاکٹر بشواجیت چودھری نے نہ صرف یہ کہ سبزیوں کے بارے میں سائنسی حقائق بیان کیے ہیں بلکہ جو لوگ ہندوستان کے موجودہ حالات میں مختلف قسموں کی سبزیوں کی کھیتی کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے قابل قدر عملی مشورے بھی اس کتاب میں شامل کیے ہیں۔

ISBN 978-81-237-2490-4 صفحات:263 2014 قیمت:125

7۔صحافت (دی پریس) ایم چلاپتی راؤ مترجم: راشد سہسوانی

یہ کتاب ہندوستانی صحافت کا مختلف زبانوں میں ارتقا، اس کی اخلاقیات اور معاشیات کا ایک وسیع منظر پیش کرتی ہے۔ میدان صحافت کے پیش رو حضرات کی زندگی کا مطالعہ، ان کے سیاسی، سماجی اور معاشی محرکات کے وسیع تر پس منظر میں کیا گیا ہے جنھوں نے اخباری صنعت اور پیشہ صحافت کی تشکیل کی ہے۔ یہ کتاب صحافت کے موضوع و مسائل کا ایک سیر حاصل تجزیہ ہے۔

صفحات: 243

8۔عام پرندے سالم علی، لئیق فتح علی مترجم: شہباز حسین

Common Birds

پرندوں کے بارے میں علم، قدرتی تاریخ کا ایک ایسا موضوع ہے جس میں لوگوں کی دلچسپی لگاتار بڑھ رہی ہے۔ پیش نظر کتاب میں پرندوں سے متعلق جانکاری، ان کی قسمیں اور مطالعے سے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

ISBN 978-81-237-2105-7 صفحات: 136 2013 قیمت: 125

9۔عوامی ترسیل آر۔کے۔چٹرجی مترجم: عرفان صدیقی

حالات کو سمجھنے اور خیالات میں تبدیلی لانے کے سلسلے میں عوامی ترسیل پہلے زمانے کی نسبت اب ایک خاص رجحان بن چکی ہے۔ اس کتاب میں عوامی ترسیل کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی گئی ہے جس میں ہندوستانی ماحول اور حالات پوری طرح پیش نظر رہے ہیں۔ ساتھ ہی مستقبل میں ہونے والے عوامی ترسیل کے پھیلاؤ کے امکانات کا بھی تفصیل سے جائزہ لیا گیا ہے۔

صفحات: 170

10۔ہماری پارلیمنٹ سبھاش کشیپ مترجم: شریف الحسن نقوی

Our Parliament

ISBN 978-81-237-2105-7 صفحات: 136 2013 قیمت: 125

ڈاکٹر کشیپ نے اس کتاب میں پارلیمانی کام کے ان طریقوں اور ضابطوں کی نشاندہی کی ہے جو ہمارے پارلیمانی ایوانوں میں نظم وضبط اور آداب کی پاسداری کو یقینی بناتے ہیں۔

ISBN978-81-237-3639-6

پی ایم۔یُووا سیریز

یُووا (نوجوان، ابھرتے ہوئے اور ہمہ جہت مصنفین)
قلمکاروں کے لیے وزیر اعظم کی مینٹور شپ اسکیم

پی-ایم یُووا مینٹورشپ اسکیم کے تحت شائع کتابیں نوجوان مصنف کی نوک قلم سے وجود میں آئی ہیں۔ اس اسکیم کا مقصد تیس سال سے کم عمر نوجوانوں کو لکھنے، پڑھنے کی طرف مائل کرنا اور ملک میں کتابی تہذیب کو فروغ دینا ہے۔ساتھ ہی اس کا ایک مقصد ہندوستان اور ہندوستانی تحریروں کو عالمی سطح پر پیش کرنا بھی ہے۔

ہندوستان کی آزادی کے پچھتر سال پورا ہونے پر ملک بھر میں آزادی کا امرت مہوتسو کا انعقاد عمل میں آیا، اس موقع پر وزارت تعلیم،حکومت ہند نے نیشنل بک ٹرسٹ ، انڈیا کے اشتراک سے 2022-2021 کے درمیان اس اسکیم کو متعارف کرایا تھا۔

اس سیریز کے تحت شائع ہونے والی کتابیں ہندوستان کی قومی تحریک کے تھیم کے اردگرد گھومتی ہیں، جس میں غیر معروف مقامات اور گمنام مجاہدین آزادی اور ان کے کارناموں کو افسانوی، غیر افسانوی اور بایوگرافی وغیرہ کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔اس اسکیم کے لیے ان مصنفین کا انتخاب قومی سطح پر منعقد ہونے والے مقابلے کے ذریعے کیا گیا ہے۔جس میں بائیس آفیشل زبانیں مع انگریزی کے شامل تھیں۔ان نوجوانوں نے مشہور و معروف مصنفین اور ماہرین فن کی نگرانی میں اپنے اصل مجوزہ خاکے کو کتابی صورت میں پیش کیا ہے، جس کے لیے انہیں نیشنل بک ٹرسٹ، انڈیا کی جانب سے اسکالر شپ کی صورت میں مالی تعاون بھی فراہم کیا گیا ہے۔

01۔فرنگ کا قیدی

نثار احمد

یہ کتاب بنیادی طور پر جعفر تھانیسری اور ان کے ساتھیوں کی جہدِ آزادی اور قید و بند کی

صعوبتوں کوفکشن کی صورت میں پیش کیا گیا ہے،لیکن اصل میں یہ کتاب ان تمام مجاہدینِ آزادی کی زندگی کا استعارہ ہے جنھیں انگریزی سامراج کے ظلم وتشدد اور جبر وبربریت کا شکار ہونا پڑا۔ یہ تخلیق افسانوی ادب میں ایک اہم اضافہ ہے جو تاریخی فکشن کو نئی جہات سے متعارف کراتی ہے۔

ISBN 978-93-5491-509-3

02۔ مظہر الحق

نہاں رباب

اس کتاب میں تحریکِ آزادیِ ہند کا فراموش کردہ قائد مظہر الحق کی حیات، شخصیت اور کارناموں کو موضوع بنایا گیا ہے مثلاً تحریکِ آزادی میں انہوں نے جو کردار ادا کیا، ہر موڑ پر تحریک کی قیادت کی اور جوش وجذبہ دکھایا نیز حصولِ آزادی کے لیے جو کچھ قربانیاں پیش کیں، ان تمام پہلوؤں پر مدلل انداز میں گفتگو کی گئی ہے۔

ISBN 978-93-5491-590-1

03۔ بابا مجنوں شاہ ملنگ مداری

انظر عقیل

یہ ہندو مسلم اتحاد کے علم بردار، گنگا جمنی تہذیب کے عملی نمائندہ اور ہر مظلوم و پریشان حال انسان کی آواز تھے۔ اس کتاب میں مجنوں شاہ مداری کی انہیں تاریخ حقائق اور کاوشوں کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے جن کا تعلق ان کی ذات وصفات اور ان کی پوری زندگی سے ہے اور جنہوں نے ہندوستان کی جنگِ آزادی میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔

ISBN 978-93-5491-589-5

04۔ ہائے کیا لوگ تھے جو دامِ اجل میں آئے

صفیہ اختر سبحانی

انقلابات عظیم ذہنوں کی دین ہوتے ہیں، ہمارے ملک میں انگریزی حکومت کے تسلط سے نجات پانے اور آزادی حاصل کرنے کے لیے جو انقلاب برپا ہوا وہ بھی عظیم ذہنوں کی ہی مرہونِ منّت ہے۔ ملک کی آزادی کے حصول میں ہمارے ان رہنماؤں اور مدبروں کا بہت بڑا ہاتھ ہے جو بہترین دماغوں کے مالک تھے۔ جن کی ذہانت اور دانشوری نے وہ کام کیا جو توپ اور تلواروں سے بھی ممکن نہ تھا۔ ایسے ہی ذہنِ رسا رکھنے اور اپنے افکار وخیالات سے انقلاب برپا کرنے والے کچھ دانشوروں اور مفکروں کو اس کتاب میں موضوعِ بحث بنایا گیا ہے۔ اور ان کی ان خدمات کا احاطہ کیا گیا جو انہوں نے مختلف صورتوں میں تحریکِ آزادی کے دوران پیش کیں۔

ISBN 978-93-5491-819-3

05۔ تنزیل عالم ہدوی

آئین ہند جنوبی ایشیا کے ملک ہندستان کی سب سے عظیم کتاب ہے۔دستور ساز اسمبلی نے تقریباً تین سال کی انتھک کاوشوں سے اس کو تشکیل دیا۔ہندستان کی یہ کتاب آزادی کے بعد سے لے کر آج تک ہر قدم پر ہماری رہنمائی کر رہی ہے۔اس کتاب کی تصنیف کا مقصد ہندستان کے عوام وخواص کو قومی زبان کے حوالے سے واقف کرانا ہے تاکہ اس کی بدولت اپنے ملک کی سالمیت اور اتحاد کو مزید استحکام پہنچے،اور زبانوں کی وجہ سے ملک کی ترقی کی راہ میں جو رکاوٹیں پیش آتی ہیں وہ حتی الامکان کم ہو سکے اور قومی زبان کے تئیں نوجوانوں میں حب الوطنی اور محبت کا جذبہ بیدار ہو سکے۔

ISBN: 978-93-6719-540-6

ینگ انڈیا لائبریری

اس سلسلہ کے تحت 18+ سال کے نوجوانوں کے لیے ان سماجی، اقتصادی اور سیاسی تصورات، مسائل اور پسند پر مبنی کتابیں خصوصیت سے شائع کی جاتی ہیں جن کے ساتھ ہمارے نوجوانوں کا آج کل واسطہ پڑتا ہے۔ یہ کتابیں ان کی دلچسپی اور صلاحیت کو اُبھارتی ہیں تاکہ وہ مزید مطالعہ کرسکیں۔

1۔ آزاد ہند فوج کی کہانی

ایس۔اے۔ایّر مترجم: قمر رئیس

آزاد ہند فوج نے لاکھوں ہندوستانی دِلوں پر قبضہ جما رکھا ہے۔ اس کتاب میں نیتاجی سبھاش چندر بوس اور آزاد ہند کی پرکشش داستان بیان کی گئی ہے۔

صفحات: 128

2۔ اِنسانی حقوق

لیہ لیون کارٹونی تصاویر: پلانٹو مترجم: انوار احمد خان

یہ کتاب اِنسانی حقوق کے فروغ اور تحفظ کے لیے انسانی حقوق کے اہم آلہ کار، ان کے نفاذ کے لیے طریقۂ کار اور بین الاقوامی تنظیموں کی سرگرمیوں سے متعلق بنیادی معلومات فراہم کرتی ہے۔ یہ کتاب طلبا، اساتذہ اور ان لوگوں کے لیے مفید ثابت ہوگی جو انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے فروغ اور تحفظ سے سروکار رکھتے ہیں۔

ISBN978-81-237-2561-1 صفحات: 170

3۔ ایگزام واریئرس

نریندر مودی مترجم: زین شمسی

گیارہ زبانوں میں دستیاب وزیر اعظم ہند شری نریندر مودی کی تحریر کردہ کتاب ایگزام واریئرس کا

اضافی اور ترمیم شدہ ایڈیشن نہ صرف طلبا بلکہ ان کے والدین واستادوں کے لئے بھی ترغیب دینے والی ہے۔ آسان اور مکالماتی اسلوب میں لکھی، منتروں کی تصویر کشی، سرگرمیاں اور کارآمد یوگ آسن اور پرنایم سے سجی سنوری یہ کتاب نہ صرف امتحانات میں کامیابی کے لئے بلکہ زندگی سے روبرو ہونے میں بھی ایک بہترین دوست کی طرح ثابت ہوگی۔ ایگزام واریئرس میں کسی طرح کا پیغام نہیں ہے بلکہ اس کا مواد طلبا کے لئے عملی اقدام اور نظریوں کو قوت بخشنے والا ہے۔ بھارت ہی نہیں دنیا بھر کے طلبا کے لئے یہ کتاحب ایک کارآمدرہنما اصولوں کے مماثل ہے۔

ISBN978-93-5491-834-6 صفحات:280

4۔ بھارت بھاگیہ ودھاتا

یوراج ملک الطاف حسین

اس کتاب میں ہندوستان کے قومی ترنے کی حقیقی کہانی پیش کی گئی ہے۔

ISBN: 978-93-6719-966-4 صفحات:44

5۔ توت توچان

تت سوکورویاناگی مترجم: طاہرہ حسن

بچوں کے حوالے سے ایک اہم اوردلچسپ کتاب جو پوری قوت سے ایک پیغام دے رہی ہے۔ سینکڑوں پھولوں کو کھلنے دیجیے۔ ہزاروں کم بستہ خیال کو پنپنے کی جدوجہد کرنے دیجیے۔

ISBN 81-237-2558-2

6۔ جمہوریت

ڈیوڈ بیتھم اور کیون بایلے مترجم: انصار حسین رضوی، کارٹون: آر۔ کے۔ لکشمن

اس کتاب میں جمہوریت سے جڑے 80 سوغالات اُٹھائے گئے ہیں؟ جمہوریت کیا ہے؟ ہمیں اسے اِتنی اہمیت کیوں دینی چاہیے؟ جمہوریت اور انفرادی حقوق کے درمیان کیا رشتہ ہے؟ کیا اکثریت کی سرکار ہمیشہ جمہوری ہوتی ہے؟ جمہوریت کو مستحکم اور بہتر کیسے بنایا جاسکتا ہے؟ اس کا مستقبل کیا ہے؟

یہ کتاب ان لوگوں کے لیے زیادہ مفید ہے جو جمہوریت کو اصولی وعملی طور پر زیادہ جاننے کے خواشمند ہیں چاہے وہ طالب علم ہوں، سیاسی کارکن یا پبلک سیکٹر میں کام کرنے والے۔

ISBN978-81-237-2530-7 صفحات:115

7۔ چند ہندوستانی کرکٹ کھلاڑی

روسی مودی — مترجم: شاداں پرویز

اس کتاب میں منتخب ہندوستانی کرکٹ کھلاڑیوں کا تذکرہ پیش کیا گیا ہے جنھوں نے اس کھیل میں نئی راہیں بنائیں اور اپنی انفرادیت کی وجہ سے نہ صرف دُنیائے کرکٹ میں نام کمایا بلکہ کرکٹ کی تاریخ میں خود کو امر کرلیا۔

صفحات: 45

8۔ مقدمات آزادی

بال مکند اگروال — مترجم: انصار حسین رضوی

یہ کتاب وکلا اور عوام الناس دونوں ہی کی دِلچسپی کی ہے۔ یہ کچھ اُن مقدمات کی سماعت پر مشتمل ہے جو حکومت برطانیہ کے دور میں چلائے گئے۔ اس کی شروعات بہادر شاہ ظفر کے خلاف مقدمہ کی سماعت سے ہوتی ہے اور اختتام شیخ عبداللہ کے خلاف مقدمہ کی سماعت پر ہوتا ہے۔

ISBN978-81-237-3480-4

9۔ ہمارا ماحول

لئیق فتح علی — مترجم: شاداں پرویز

اس کتاب میں مصنفہ نے واضح کیا ہے کہ ماحول کو پہنچنے والا نقصان بڑی حد تک غیر ارادی ہے۔ اس نقطۂ نظر سے اُنھوں نے قدرتی عوامل کے درمیان باہمی تال میل اور ماحول پر ان کے اثرات کا جائزہ لیا ہے۔ اُنھوں نے ہندوستانی ماحولیات کی سچی تصویر پیش کی ہے۔

ISBN978-81-237-1634-3 صفحات: 150

10۔ ہندوستانی سماج

شیاما چرن دوبے — مترجم: عزیز پریہار

نوجوان قارئین کے لیے یہ کتاب لکھی گئی ہے جس میں ہندوستانی سماج کا ماضی اور حال، صدیوں سے چلی آرہی ذات پات اور جدی وراثت کے نظام، عورت مرد کے تعلقات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ مصنف نے سماج میں ہورہی جدید تبدیلیوں کا سماجی ضرورتوں کے حوالے سے تجزیہ بھی کیا ہے اور ہندوستانی سماج پر اسلام اور عیسائیت کے اثرات کو بھی پرکھا ہے۔ کتاب کے آخر میں اہم تکنیکی الفاظ کی فرہنگ بھی دی گئی ہے۔ ساتھ ہی مزید مطالعہ کے لیے بھی کچھ کتابیں تجویز کی گئی ہیں۔ سماجیات سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ کتاب ایک خوبصورت تحفہ ہے۔

ISBN978-81-237-1246-8 صفحات: 167

پاپولر سائنس

اس سیریز کا مقصد ایک عام پڑھے لکھے قاری کو اس کے اردگرد کی دُنیا کے بارے میں بتانا ہے تاکہ وہ جان سکے کہ روزمرہ کی زِندگی میں سائنس اور ٹیکنالوجی نے کتنی جگہ بنالی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ہندوستان نے ان میدانوں میں جو پیش رفت کی ہے اس کو بھی اس کے علم میں لانا ہے۔ اس سلسلہ کی کتابیں آسانی سے سمجھ میں آنے والی زبان اور اسلوب میں ہوتی ہیں جنھیں حسب ضرورت تصویروں اور خاکوں سے بھی مزین کیا جاتا ہے تاکہ متن بہ آسانی سمجھ میں آسکے۔

1۔ آئندہ کل یوں ہوا تھا

بال پھونڈ کے — مترجم: فہیم انہونوی

ISBN978-81-237-4224-3

صفحات: 372

2۔ ایڈس...... ایک چیلنج

خورشید ایم۔ پاوری — مترجم: ایس۔ جے۔ رحمن

اس تصنیف کا اصل مقصد ایڈس کے بارے میں عوام کو معلومات فراہم کرنا ہے۔

ISBN978-81-237-3492-7

صفحات: 180

3۔ بڑھاپا

کلوری سبا راؤ — مترجم: ادریس احمد خاں

اِنسانی جسم کی طاقت ہمیشہ اپنے عروج پر نہیں رہ سکتی۔ زیادہ سے زیادہ کام لینے کے بعد اِنسانی جسم کا بتدریج زوال شروع ہوجاتا ہے۔ بڑھاپے کا عمومی عمل عضویاتی، نفسیاتی اور سماجی عوامل کے پیچیدہ باہمی اثرات کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس کتاب میں آسان اور عام فہم انداز میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ ہر وہ مخلوق جو جنسی تولید اپناتی ہے کس طرح تولیدی عمل مکمل کرنے کے بعد مرجاتی ہے۔

ISBN978-81-237-3059-2

صفحات: 167

4۔ چند عام بیماریاں

انل اگروال

مترجم: اِدریس احمد خان

زکام، ڈائریا، قبض وغیرہ ایسی بیماریاں ہیں جن میں ہم لوگ اکثر و بیشتر مبتلا رہتے ہیں۔ پھر بھی یہ ایسی بیماریاں ہیں جن کے بارے میں ہم بہت کم جانتے ہیں۔ ایک میڈیکل اِیکسپرٹ کے ذریعہ لکھی گئی اس کتاب میں ان بیماریوں اور مزید دوسری بیماریوں کے بارے میں ہر قسم کی معلومات بہم ہوجاتی ہیں۔

ISBN978-81-237-2705-9

صفحات: 167

5۔ خلا کا سفر

بھگوتی پرساد سری واستو

مترجم: ایم شاہ نواز

اس کتاب میں قدیم داستانوں سے لے کر موجودہ اِسپوتنک عہد تک کے خلائی سفروں کی پوری تاریخ مختصر اور آسان زبان میں پیش کی گئی ہے۔

صفحات: 154

6۔ خلا کے معجزے

موہن سندر راجن

مترجم: بلراج کومل

انسان خلا کی تسخیر کیوں چاہتا ہے؟ مصنوعی سیاروں کی ہماری روزمرہ کی زندگی میں کیا اہمیت ہوگی؟ کیا اُن سے ہمارا آنے والا کل زیادہ خوش حال بن سکے گا؟ اس کتاب میں ایسے ہی سوالوں کے جواب دیئے گئے ہیں اور اس میدان میں ہمارے ملک کی کارکردگی کو بھی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

صفحات: 112

7۔ دل کی بیماری اور عام آدمی

ایس۔ پدماوتی

مترجم: ڈاکٹر جاوید اشرف

دل کی بیماری کی شناخت، علامت، تشخیص اور علاج کے عام طریقوں اور ان کی روک تھام کے بارے میں پھیلی غلط فہمیوں کو دور کرنے میں یہ کتاب معاون ثابت ہوگی۔

ISBN978-81-237-2531-0

8۔ زلزلے

مترجم: خدیجہ عظیم

ISBN 978-81-237-5983-8

9۔ زمین کی کہانی

دھونت کشور گپت

مترجم: راشد سہسوانی

جس زمین پر ہم رہتے بستے ہیں اس کے بارے میں کون جاننا نہیں چاہے گا۔ اس کتاب میں زمین

کی کہانی بڑے دلچسپ انداز میں بیان کی گئی ہے۔

صفحات:134

10۔کیڑوں کی دُنیا

شمس الاسلام فاروقی

پیش نظر کتاب کیڑوں کا ایک مختصر لیکن جامع تعارف ہے جس کے مطالعے سے ایک عام قاری بہ آسانی کیڑوں اوران کے رشتہ داروں سے واقف ہوسکتا ہے۔مناسب تصاویر اور انگریزی اصطلاحات کی فرہنگ کتاب کی دلچسپی اور افادیت میں اضافہ کرتی ہے۔کتاب عوام بالخصوص طلبا کے لیے زیادہ مفید ہے۔

ISBN 81-237-2492-6

صفحات:135

11۔کینسر

ایس۔ایم۔بوس

مترجم:ڈاکٹر مشرف علی انصاری

پیش نظر کتاب میں کینسر کی ابتدائی صورت، تشخیص اور علاج کے بارے میں تو بتایا ہی گیا ہے کینسر سے بچاؤ کے احتیاطی تدابیر کیا ہیں، یہ بھی بتانے کی کوشش کی گئی ہے۔

ISBN 81-237-2532-9

12۔موجدین جنھوں نے ہماری زندگی بدل دی کے وی گوپال کرشن

مترجم:انور رضوی

اس کتاب میں بعض عظیم موجدین کی زندگی کے حالات پیش کیے گئے ہیں۔

ISBN978-81-237-3467-5

صفحات:156

13۔نشیلی ادویات

انل اگروال

مترجم:اظہار اثر

اس کتاب میں مختلف قسم کی منشیات، ان کی تاریخ، ان کی بناوٹ، کھانے کے طریقوں اور دل ودماغ پر پڑنے والے ان کے برے اثرات کی جانکاری دی گئی ہے۔ساتھ ہی ساتھ نشہ کی لت کو بھی سائنٹفک زاویہ سے دیکھا گیا ہے۔

ISBN978-81-237-2506-2

صفحات:167

متفرقات

1۔آزادی کی چھاؤں میں (دوسری طباعت) بیگم انیس قدوائی

اس کتاب میں حصول آزادی کے زمانے کی یادداشتیں یکجا کردی گئی ہیں جب آدمی انسان نہ رہ سکا تھا۔ ملک کی بقا کا اِنحصار اخلاقی اقدار کی سلامتی کے ساتھ جمہوریت اور اِتحاد میں ہے اور یہی اس کتاب کا بنیادی خیال ہے۔

ISBN978-81-237-5151-1 صفحات:120

2۔آوارہ مسیحا (دوسری طباعت) وِشنو پربھاکر مترجم: راشد سہسوانی

آوارہ مسیحا، بنگالی زبان کے عظیم کہانی کار شرت چند کی سوانح عمری ہے۔ یہ سچ ہے کہ ایک مصنف کی تخلیقات ہی اس کا تعارف ہوتی ہیں اور شرت کی اپنی تخلیقات ان کی اپنی زندگی کی بہترین عکاس ہیں۔ پھر بھی آوارہ مسیحا میں شرت کی زندگی کی باا‌ثر اور سچی ہمدردی کی گھڑیوں کی تلاش کی بھرپور کوششیں ہیں۔

ISBN978-81-237-5090-3 صفحات:584

3۔اُردو طباعت واشاعت کے مسائل مرتب: انور کمال حسینی

اُردو پبلشنگ کے مسائل اور مشکلات کے پیش نظر نیشنل بک ٹرسٹ نے سری نگر (کشمیر) میں ایک سمینار کیا تھا جس میں اُردو طباعت واشاعت سے متعلق شعبوں کے ماہرین نے حصہ لیا اور آپس میں تبادلہ خیال کر کے اپنی سفارشات پیش کیں جو سمینار میں پڑھے جانے والے مقالوں اور سیمینار رپورٹ کے ساتھ اس کتاب میں شامل ہیں۔ یہ کتاب اُردو طباعت واشاعت کے فن سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ایک اچھی گائیڈ ہے۔

صفحات:163

4۔ایک تمنا ایک خواب
گیجو بھائی بدھیکا مترجم: طاہرہ حسین

ایک تمنا ایک خواب، سب سے پہلے 1931 میں گجراتی زبان میں شائع ہوئی تھی۔ تعلیم کے میدان میں یہ عالمی حیثیت کی ایک بنیادی تصنیف ہے۔ تعلیمی دُنیا میں اس سے گیجو بھائی کو ایک روشن مینار کی حیثیت ملی ہے۔

ISBN978-81-237-5181-0 صفحات:.115

5۔تعلیم برائے تخلیقی زندگی
مرتب: ڈیل۔ایم۔بیتھل مترجم: عبداللہ ولی بخش قادری

یہ کتاب روشن خیال معلم اور جاپانی تعلیم کے صاف گو ناقد تسونسیابورو ما کی گچی کے مضامین اور تحریروں کا ترجمہ ہے۔

ISBN 978-81-237-3850-5

6۔جدوجہد آزادی میں مرکزی مجلس قانون ساز کا رول
منورنجن جھا مترجم: غلام ربانی تاباں

یہ کتاب ہندوستان کی جدوجہد آزادی میں مرکزی مجلس قانون ساز کے رول کے کچھ پہلوؤں کے مطالعے پر مشتمل ہے۔ اس میں خاص طور سے 1919 سے 1947 کے واقعات کو پیش کیا گیا ہے۔ یہ کتاب ان پارلیمنٹرین بزرگوں کے لیے خراجِ عقیدت ہے جنھوں نے مرکزی مجلس قانون ساز میں ہندوستان کی قوم پرستی کے جذبے کو فروغ دیا ہے۔

صفحات:304

7۔جواہر لعل نہرو: جدوجہد کے سال، منتخب تحریریں
مرتبہ: ارجن دیو مترجم: شمیم حنفی

جواہر لال نہرو پر بہت سی کتابیں سامنے آچکی ہیں لیکن یہ کتاب اُن سب سے مختلف ہے کیونکہ اس کا تعلق مختص طور پر آزادی سے پہلے کے دور سے ہے اور وزیر اعظم کا منصب سنبھالنے سے پہلے جواہر لعل نہرو کی زندگی کی تشکیلی دنوں کو سمجھنے کا ایک وسیلہ یہ کتاب فراہم کرتی ہے۔

ISBN978-81-237-2491-1

8۔رانی لکشمی بائی (دوسری طباعت)
ورنداون لال ورما مترجم: رفعت سروش

اس کتاب میں جھانسی کی رانی لکشمی بائی کی جدوجہد بھری زندگی کو پیش کیا گیا ہے۔ لکشمی بائی نے

جنگ آزادی کے سپاہیوں کو کئی دہائیوں تک متاثر کیا اور آج بھی عوام میں اپنی بہادری کے لیے مشہور ہے۔

صفحات:96 ISBN 81-237-3122-1

9۔ سکھ دھرم اور سیکولرازم

کرتار سنگھ دُگل — مترجم: (بیگم) زبیدہ مدان

دُنیا کے تمام عظیم مذاہب کی بنیاد عالم گیر بھائی چارے کے تصور پر رکھی گئی ہے۔ اس کتاب میں سکھ مذہب کو اس کے سیکولر سیاق وسباق میں نہایت سلیس انداز بیان میں پیش کیا گیا ہے۔ یہ کتاب ہندوستانی فکر کے ایک اہم پہلو کو سمجھنے میں بڑی مددگار ہے۔

صفحات:104

10۔ شہنشاہ اکبر، پیکر اور افکار (معاصر نگارشات کے آئینے میں)

شیریں موسوی — مترجم: محمد عرفان

پیش نظر کتاب میں اکبر کی زندگی کے واقعات اور اس کے خیالات، اس کے بیانات اور دل پذیر قلمی خاکوں کو ایک جگہ جمع کیا گیا ہے۔ ان تحریروں میں ہم اکبر کو ایک جیتے جاگتے انسان کے روپ میں دیکھ سکتے ہیں۔ ان کے ذریعے جہاں اس کی انسانی کمزوریوں سے واقفیت ہوتی ہے وہیں اس کی ذکاوت، عظمت اور روشن خیالی کا اندازہ بھی مداحوں اور نکتہ چینوں دونوں کے قلم سے ہوتا ہے۔

صفحات:130 ISBN978-81-237-2904-6

11۔ فسانۂ آزاد

پنڈت رتن ناتھ سرشار — تلخیص ومقدمہ: قمر رئیس

رتن ناتھ سرشار نے اپنے منفرد اور دلکش طرزِ تحریر کے ذریعہ فسانۂ آزاد میں لکھنؤ کی مٹتی ہوئی تہذیب کے جو منظر دکھائے ہیں اور انھیں جن تفصیلات سے آراستہ کیا ہے...... اس تہذیب کے مختلف پہلوؤں کی نمائندگی کے لیے جو اچھوتے کردار تراشے ہیں، ان کی پیش کش میں جو ڈرامائی حسن اور ظریفانہ اسلوب پیدا کیا ہے وہی اس ناول کی جان ہے۔

صفحات:474 ISBN978-81-237-3651-8

12۔ منتخب قومی شاعری (چوتھی طباعت)

مرتبہ: سردار جعفری

اس اِنتخاب میں دو طرح کے شاعر ہیں۔ جنھوں نے آزادی سے پہلے شہرت حاصل کی اور دوسرے

وہ جو آزادی کے بعد شعروادب کے اُفق پر طلوع ہوئے۔ یہ اِنتخاب ہماری شاعری کے جدید (ترقی پسند) اور جدید ترین رجحانات کا عکاس ہے۔صرف نظموں پر مشتمل ہے۔

صفحات:100 ISBN978-81-237-5152-8

13۔ ہندو مذہب کیا ہے؟

مہاتما گاندھی　　مترجم: مسعود فاروقی

ہندو دھرم سبھی لوگوں کو اپنے مذہب کے مطابق خدا کی عبادت کرنے کو کہتا ہے اور اسی لیے اس کا کسی بھی دھرم سے کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ ہندو مذہب ان اَن گنت یگوں کی ریاضت کا پھل ہے۔ ہندو مذہب قدیم ہے اور اس میں عدم تشدد سمایا ہوا ہے۔

صفحات:119

آدان پردان (ہندوستانی کتابوں کا سلسلہ)

منتخب ادب کے آدان پردان کے ذریعے قومی ایکتا کو فروغ دینے والی ہندوستانی کتابوں کا یہ سلسلہ ہے۔ اس سلسلے کے تحت ہندوستان کی زبانوں سے چیدہ تخلیقات، جن میں ناول، ناٹک اور کہانیاں شامل ہیں، ہندوستان کے دوسرے علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو ترجمہ کے وسیلے سے فراہم کرائی جاتی ہیں۔ ان کے علاوہ کسی خاص مدت کے دوران لکھی جانے والی تحریریں یا اہم ترین قلم کاروں کی تخلیقات کے مجموعے بھی شائع کیے جاتے ہیں۔ اس سلسلے کی کتابیں علاقائی تہذیب وثقافت کی عکاسی کرتی ہیں۔

1۔ آدرش ہندو ہوٹل
وِبھوتی بھوشن بندوپادھیائے — مترجم: اشرف عابدی

بنگالی زبان کا یہ مشہور ناول ایک ایسے دیہاتی نوجوان کے بارے میں ہے جس نے ایک آدرش ہندو ہوٹل کھولنے کا خواب دیکھا تھا۔ خواب پورا بھی ہوتا ہے اور کہانی انسانی قدروں کو اُجاگر کرتے ہوئے آگے بڑھتی ہے جن میں درد کے لمحات بھی سامنے آتے ہیں۔

صفحات: 196

2۔ آدمی کے روپ
یشپال — مترجم: سہیل عظیم آبادی

یشپال نے زندگی کو بہت قریب سے دیکھا اور برتا ہے اسی لیے اُنھوں نے اپنے اِس ناول میں آدمی کو اس کے ہر روپ میں پیش کر دیا ہے۔

صفحات: 296

3۔ آدھی گھڑی
پار پرتو — مترجم: سیفی پریمی

یہ ناول ملیالم زبان کے نامور قلم کار شری پار پرتو کی تخلیقات میں سب سے زیادہ اثر اور مقبول عام ناول ہے جس میں ٹراونکور ریاست میں درمیانی طبقے سے تعلق رکھنے والے عیسائی سماج کی زندگی پیش کی گئی ہے۔

صفحات: 283

4۔آئینہ کیشو دیو مترجم: کنہیالال گاندھی

ملیالم زبان کے ناول نگار کیشو دیو کی تخلیقی کارناموں کا مقصد سماج کی تعمیر نو ہے۔یہی مقصد اس ناول کا بھی ہے جس میں جدو جہد آزادی کے دوران مرکزی ٹراونکور میں چلنے والی مزدور تحریک کی عکاسی کی گئی ہے۔

صفحات:168

5۔اُردو افسانے (نیا ایڈیشن) مرتبہ: رضیہ سجاد ظہیر

اُردو میں تکنیک کے نت نئے تجربے ہمیشہ ہوتے رہتے ہیں اِسی لیے آج کا اُردو افسانہ رنگا رنگ اور زندگی سے لبریز تخلیقوں سے مالا مال ہے۔زیرِ نظر مجموعہ اُردو افسانوں کا ایک نمائندہ اِنتخاب ہے۔

صفحات:248

6۔اس کا بچپن کرشن بلدیو وید مترجم: حیدر جعفری سید

اس ناول میں نچلے متوسط طبقے کے ایک چھوٹے سے بچے کی کہانی ہے جو بیک وقت بچے کے ذہنی اِرتقا اور اس کے اردگرد کی زندگی کی منظر کشی کرتی ہے۔

ISBN978-81-237-3844-7

7۔اکیس بنگلہ کہانیاں مرتب: ارون کمار مکھو پادھیائے مترجم: دیش چتر کار

ISBN 978-81-237-3537-5 صفحات:294

8۔اِنبساط (مزاحیہ مضامین کا اِنتخاب) مرتب: یوسف ناظم

اُردو میں نثری طنز و مزاح کے مختلف رنگ ہیں۔ہندوستان کی سب سے کمسن زبان میں ظریفانہ ادب کا خاصا دل خوش کن ذخیرہ ہے۔زیرِ نظر اِنتخاب میں آپ کو اپنی پسند کا ہر سامان مل جائے گا۔

ISBN81-237-2691-0

9۔ازل ابد شری رنگ مترجم: پریم پال اشک

ازل ابد، صرف فلیش بیک کی تکنیک کے ذریعے گیارہ بارہ برس کی زندگی کو پیش کرنے والا یک مخصوص انداز میں تحریر کیا گیا ناول ہے جس کا پلاٹ عورت اور مرد کے تعلقات کا احاطہ کرتا ہے۔اس کنڑ ناول کی کہانی صرف تین کرداروں پر اِنحصار کرتی ہے جن میں ایک کردار مرحومہ سرلا ہے جو باقی

دو کرداروں رامنا اور کمد کی یادوں میں ایک زندہ اور حقیقی کردار کے طور پر اُبھرتا ہے۔

صفحات:211

10۔ بادل چھٹ گئے

یوگیش داس　　مترجم: رضوان احمد

'بادل چھٹ گئے' آسامی زبان کا ناول ہے۔ یہ آسام کے اس عوامی آندولن کی حقیقی تصویر پیش کرتا ہے جب گزشتہ جنگ عظیم نے محض ڈُمڈ ما شہر کو ہی لپیٹ میں نہیں لیا تھا بلکہ پورے آسام کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا۔

صفحات:183

11۔ بلّیسر بکری والا

سوریہ کانت ترپاٹھی نرالا　　مترجم: محسن خان

سوریہ کانت ترپاٹھی نرالا ہندی کے ایک مشہور کوی اور صاحب اسلوب نگار ہیں۔ نرالا کا یہ ناول جسے اُنھوں نے مزاحیہ اِسکیچ کہا ہے، حقیقت پسندانہ خیالات اور ترقی پسندانہ زاویہ حیات کے لیے بہت مشہور ہے۔

ISBN978-81-237-2692-9

12۔ بنگرواڑی

وی۔ماڈ گولکر　　مترجم: عرش ملسیانی

ایک ایسا عظیم ناول جس میں مہاراشٹر کی دیہاتی زندگی تمام دلچسپیوں اور تلخیوں کے ساتھ موجود ہے۔

صفحات:116

13۔ بوند اور سمندر

امرت لال ناگر　　مترجم: رضیہ سجاد ظہیر

یہ ناول ہندی زبان و ادب کا شاہکار تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس ناول کا مرکزی خیال فرد اور سماج کے گرد گھومتا ہے۔ بوند فرد کا مظہر ہے تو سمندر سماج کا۔ بوند اور سمندر میں فرد اور سماج کے درمیان ہونے والی جدوجہد اور کشمکش کی بڑی حقیقی اور جاندار تصویریں پیش کی گئی ہیں۔

صفحات:588

14۔ بیداری

ستی ناتھ بھادوڑی　　مترجم: مظفر حنفی

بنگال کے مقبول ناول نگار ستی ناتھ بھادوڑی کا یہ ناول 1942 کے اگست آندولن کی تصویر ہے۔ اس کے کردار ہندوستان میں ہونے والی سیاسی جدوجہد آزادی کی علامت ہیں لیکن بیداری کی اہمیت یہ ہے

کہ اس کا موضوع سیاست نہیں، انسان ہے۔

صفحات:214

15۔ پنجابی کے یک بابی ڈرامے
عطر سنگھ — مترجم: ایس۔ ایم۔ شاہ نواز

پنجابی زبان میں ہر صنف ادب کا بھرپور مواد موجود ہے۔ یہ انتخاب یک بابی ڈراموں کی نمائندگی کرتا ہے۔

صفحات:212

16۔ پنجابی ڈرامے
مترجم: مخمور جالندھری

بلونت گارگی، کرتار سنگھ دگل اور سنت سنگھ سیکھوں پنجابی ادب کے ستون سمجھے جاتے ہیں۔ اس مجموعے میں ان تینوں کا ایک ایک شاہکار ڈراما شامل ہے جو پنجابی ڈرامے کو ہندوستانی ادب میں ممتاز کرتا ہے۔

صفحات:208

17۔ پورن کمبھ
رانی چند — مترجم: شانتی رنجن بھٹاچاریہ

پورن کمبھ ایک تیرتھی (زیارتی) سفرنامہ ہے جس میں ہمالیہ اور اس کے مقدس مقامات کی ایک اجمالی تصویر پیش کی گئی ہے۔ اس سفرنامے کو بنگالی زبان کی مقبول قلم کار شریمتی رانی چند نے بڑے منفرد انداز میں لکھا ہے۔

صفحات:335

18۔ پہلا راجا اور آدھے ادھورے
جگدیش چندر ماتھر اور موہن راکیش — مترجم: قیصر قلندر

اس مجموعے میں دو ناٹک شامل ہیں۔ جگدیش چندر ماتھر کا پہلا راجا ویدک زمانے کا مطالعہ ہے جس میں خاص طور پر سے حکومت اور آزادی عوام کی بھلائی اور انصافت جیسے مسئلوں کو اٹھایا گیا ہے جب کہ موہن راکیش کے آدھے ادھورے میں عصری زندگی کے تضاد کو دکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس طرح آدھے ادھورے، عورت مرد کے تعلقات، ان کی ضرورتوں اور اختلاط کو پہچاننے کی دلچسپ روداد ہے۔

صفحات:184

19۔ پھنیشور ناتھ رینو کی منتخب کہانیاں
مرتبہ: بھارت یایاور — مترجم: الیاس احمد گدی

رینو کی کہانیاں اپنے فن، اسلوب، مزاج اور خصوصیت کے اعتبار سے ہندی کہانیوں کی روایت

میں ایک منفرد مقام رکھتی ہیں۔اس کتاب میں رینو کی اکیس کہانیاں ہیں۔یہ ساری کہانیاں اپنے وقتوں میں بے حد معروف ومقبول ہوچکی ہیں۔جناب بھارت یایاور نے بڑی عرق ریزی سے اُنھیں ایک جگہ جمع کیا ہے۔ ہرممکن کوشش رہی ہے کہ قاری کورینو کی کہانیوں کا صحیح لطف ملے اور کہانی کار رینو سے قاری کا تعارف بہتر ڈھنگ سے ہوسکے۔

ISBN978-81-237-2784-4 صفحات:297

20۔تاریکیاں

بھیشم ساہنی مترجم:شہلانقوی

تاریکیاں، ہندی کے مشہور ناول تمس کا ترجمہ ہے جس کے لیے مصنف کوساہتیہ اکادمی ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔یہ ناول بنیادی طور پر سیاسی شعور کا ناول ہے،لیکن مصنف نے سیاست کے تانے بانے کے اندر بھی سماجی زندگی کے حقائق کی تہیں کھولی ہیں۔ بھیشم ساہنی خالص کہانی کار ہیں۔وہ کہانی بہت سلیقے سے کہتے ہیں جس میں سادگی ہوتی ہے۔تاریکیاں،ان کے اسلوب کی نمائندہ پیش کش ہے۔

صفحات:296

21 تصویر بتاں

اکھیلن مترجم:حسرت سہروردی

اکھیلن تامل زبان کے مشہور ومقبول قلم کار ہیں۔ان کا پسندیدہ موضوع محبت اور سماجی ناانصافی ہے۔اس ناول کے لیے اکھیلن کو گیان پیٹھ ایوارڈ بھی ملا ہے۔

صفحات:200

22۔جنگل کا ہنس اور شویت پدما

منورنجن داس اور پران بندھو کر مترجم:شمس الحق عثمانی

''جنگل کا ہنس''ایک نفسیاتی ناٹک ہے جس میں اِسٹیج کی ساری خوبیاں موجود ہیں۔''شویت پدما'' میں واقعات وکردار کا ارتقا ایک ساتھ ہوتا ہے۔کبھی اسے یک بابی ڈراما مانا جاتا تھا مگر حقیقت یہ ہے کہ اس میں مکمل ناٹک کی ساری خصوصیات موجود ہیں۔

صفحات:124

23۔جنگی قیدی

کیسر سنگھ مترجم:نندکشوروکرم

اس ناول کا پلاٹ دوسری عالمگیر جنگ کے تعلق رکھتا ہے۔اس موضوع کسی قوم یا قوموں کے سنگرام کی بات نہیں، بلکہ یہ ظلم وتشدد کے شکار افراد، اِنسانی بھائی چارے اور طبقوں کی کہانی سے تعلق رکھتا ہے۔

ISBN81-237-4049-2 صفحات:

24۔ جے کانتن کی کہانیاں

مترجم: ذکی انور

یہ مجموعہ مشہور ومعروف تامل قلم کار جے کانتن کی اہم کہانیوں کا اِنتخاب ہے۔ ان کہانیوں میں ان کی عجیب وغریب تخلیقی صلاحیتوں کی جھلکیاں ملتی ہیں۔ یہ کہانیاں نہ صرف جذباتی ہیں بلکہ سماجی برائیوں کے خلاف مصنف کے غم وغصہ کا اظہار بھی کرتی ہیں۔ جے کانتن کو ساہتیہ اکادمی ایوارڈ بھی مل چکا ہے۔

صفحات: 192

25۔ چار دیواروں میں

ایم۔ ٹی۔ واسودیون نائر مترجم: ظفر ادیب

کیرالا کا مٹتا ہوا معاشرہ اور نئی اُبھرتی ہوئی زندگی اس ناول کی بنیاد ہے۔ زندگی کے حقائق تلخ ہوتے ہیں مگر نئی اُمیدوں کے ساتھ اُنھیں گھونٹ گھونٹ کر پینا ہی پڑتا ہے۔

صفحات: 176

26۔ چک ویر راجندر

شری نواس مترجم: راشد سہسوانی

کنڑ زبان کے ممتاز قلم کار شری نواس کا یہ تاریخی ناول ہے جو جنوبی ہندوستان کی میسور ریاست کے ایک چھوٹے سے حصے کوڈِ گو کی تاریخ سے متعلق ہے۔ چک ویر راجندر کے دور حکومت میں ہی انگریزوں نے اس پر قبضہ جمایا تھا۔ اس ناول کے سب کردار تاریخی ہیں جو اس دور کی نمائندگی کرتے ہیں۔

صفحات: 400

27۔ دانا پانی

گوپی ناتھ مہنتی مترجم: اظہر احمد کمالی

اس اُڑیا ناول کی کہانی دانا پانی کے سخت کشمکش اور ترقی کے مسئلہ کو لے کر چلتی ہے۔ ناول کا مرکزی کردار بلی دت اس کی خاطر اپنا ضمیر بیچ ڈالتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کی شریک حیات اپنی پاک دامنی بھی گنوا دیتی ہے۔ ناول میں بہت سے کردار ہیں مگر سبھی دانا پانی کی کشمکش میں پھنسے نظر آتے ہیں۔

صفحات: 302

28۔ درد کے رِشتے

میرجی انارائے مترجم: بلراج ورما

یہ کنڑ ناول رسم ورواج سے بھرے سماج میں ایک ناکام محبت کی کہانی ہے۔

صفحات: 235

29۔ دود چراغ محفل
بچی بابو
مترجم: ابوالفیض سحر

بچی بابو تیلگو زبان کے اُن کامیاب قلم کاروں میں تھے جنھوں نے تیلگو ادب کو نکھار اور فن کو بلندی عطا کی ہے۔ دود چراغ محفل ایک نفسیاتی ناول ہے جس میں ایک نوجوان ڈاکٹر کی زندگی پیش کی گئی ہے۔

صفحات: 251

30۔ دھوپ چھاؤں
چنی لال مڑیا
مترجم: پریتم لال

دھوپ چھاؤں بدلتے وقت کے ساتھ بدلنے والے لوگوں کی کہانی ہے۔ اس ناول کا ماحول خالص سوراشٹری ہے۔ دیہاتی زندگی کی عکاسی میں چنی لال مڑیا کامیاب رہے ہیں۔ مقامی رنگ اور سادہ اُسلوب بیان نے ناول کو منفرد بنا دیا ہے۔

صفحات: 214

31۔ دیمک
شری سندر لکھو پادھیائے
مترجم: رفعت سروش

آج کا نوجوان زندگی سے بری طرح خوفزدہ ہے۔ اس کی اُمید، سوچ، درد اور صلاحیت اس خوف سے بے حد متاثر ہوئی ہے۔ اس ناول میں ایک عظیم شہر میں انسانی زندگی کے اُتار چڑھاؤ بڑے خوبصورت انداز میں پیش کیے گئے ہیں۔

صفحات: 124

32۔ راگ درباری
شری لال شکل
مترجم: راشد سہسوانی

راگ درباری کو ہندی میں بامقصد طنز نگاری کی شروعات بھی کہا گیا ہے۔ اس کا مطالعہ ادب کے نئے اسلوب و انداز سے متعارف کرواتا ہے۔

صفحات: 336

33۔ ریل گاڑی
چندرودن چمن لال مہتہ
مترجم: سید آل رسول

ریل گاڑی 1930 میں لکھا گیا گجراتی زبان کا ایک کامیاب ناٹک ہے۔ اس کا ہیرو ریل گاڑی کے انجن میں کوئلہ جھونکنے کا کام کرتا ہے۔ اس کی خطرات سے بھرپور زندگی اور اونچے عہدے داروں کا ظلم و ستم ہی اس ناٹک کی اساس ہے۔

صفحات: 119

34۔ سارا آکاش
راجندر یادو　　　مترجم: اظہار عثمانی

راجندر یادو کے ناول ''سارا آکاش'' کو جو مقبولیت حاصل ہوئی وہ بہت ہی کم فن کاروں کے حصے میں آتی ہے۔ اس ناول میں ایک ایسی رومانی کہانی کا ذکر ہے جس کے کرداروں کو حالات محبت کرنے کا موقع ہی نہیں دیتے بلکہ وہ محبت سے مخالف سمت لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ کہانی کا کمال یہ ہے کہ محبت کو مشکل حالات کے درمیان رکھا گیا ہے۔

صفحات:201 ISBN978-81-237-2782-8

35۔ سزا
کانہو چرن مہنتی　　　مترجم: پریم گوپال متل

1967ء میں اُڑیسہ میں ایک بھیانک قحط پڑا تھا 'سزا' اسی زمانے کی حقیقت پسندانہ کہانی ہے۔ سماج کے ٹھیکے داروں کے ہاتھوں غریب اور سیدھے سادے عوام پر ان بھیانک حالات میں جو گزرتی ہے کانہو چرن نے ان کی عکاسی اتنی سادگی سے کی ہے کہ وہ براہِ راست دل پر اثر کرتی ہے۔

صفحات:254

36۔ سفر تمام ہوا
نیل پدمنا بھن　　　مترجم: مخمور سعیدی

سفر تمام ہوا، ایک ہندوستانی گھر کے ٹوٹنے کی جذباتی کہانی ہے اور ساتھ ہی تریوندرم شہر کی بھرپور تصویر کشی بھی۔ اس ناول کے مصنف شری نیل پدمنا بھن تامل زبان کے ان قلم کاروں میں سے ہیں جنھوں نے تامل ادب کو نئی وسعتوں سے روشناس کرایا ہے۔

صفحات:195

37۔ سورج مکھی کا سپنا
سید عبدالمالک　　　مترجم: رضوان احمد

یہ ناول آسامی زبان کا شاہکار ہے جس کی کہانی آسام ریاست کی دھن شری ندی کے کنارے بسے گاؤں کے گرد گھومتی ہے۔

ISBN978-81-237-4331-9

38۔ سورٹھ تیرا بہتا پانی
جھویر چند میگھانی　　　مترجم: مظہر الحق علوی

سوراشٹر کے ایک خاص حصے کو سورٹھ کہتے ہیں۔ اسی حصے کی یہ داستان ہے جو اپنے اندر زندگی کے تمام اُتار چڑھاؤ لیے ہوئے ہے۔

صفحات:308

39۔شمع جلتی رہی

بریندر کمار بھٹا چاریہ   مترجم: پریم پال اشک

اسمیا زبان کے مشہور ناول مریتونجے، کا یہ اُردو ترجمہ ہے۔اس ناول کا مرکزی خیال 1942 کی بھارت چھوڑو تحریک ہے۔یہ ناول جدوجہد آزادی کے تعلق سے ایک دستاویز بھی ہے۔

ISBN978-81-237-0452-4 صفحات:321

40۔عمر قید

ایشور پٹلیکر   مترجم: سید آل رسول

عمر قید، گجرات کے ایک خاص حصے سابھر کانٹھا کی کہانی ہے جس میں ایک عورت چندا کی محبت، اِنتقام اور عظمت و وقار کی عکاسی اس طرح کی گئی ہے جس سے گجرات کے ایک خاص معاشرے کی سچی تصویر سامنے آجاتی ہے۔

صفحات:246

41۔عصری ملیالم کہانیاں

مرتبہ: ایم۔مکندن   مترجم: عبدالحق

ملیالم کہانیوں کا یہ مجموعہ جدید ملیالم کہانی کا نمائندہ اِنتخاب کہا جاسکتا ہے۔ان کہانیوں کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ یہ مقررہ حد بندیوں سے نکل کر سماجی سچائیوں کو نئے ڈھنگوں سے آشکار کرتی ہیں۔

صفحات:122

42۔عصری ہندی کہانیاں

مرتبہ: دھننجے ورما   مترجم: سلام بن رزاق

بیس کہانیوں کے اس اِنتخاب میں ہندی کے اہم قلم کاروں کی مختلف طرزِ اظہار کی کہانیاں شامل ہیں۔اس طرح ہندی کہانی کے عصری وابستگی کے منظرنامے کو حتی الامکان طور پر پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔عصری ہندی کہانی کی مختلف جہتوں کو ان کی ممکنہ مکمل شکل میں پیش کرنے کی اس کوشش میں فکر، عہد، نظریاتی وابستگی نیز اعلیٰ تخلیقی معیار کے ساتھ ہندی کہانی کے آئندہ امکانات کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔

ISBN 978-81-237-1135-5 صفحات:329

43۔غالب کے خطوط

مرتبہ: تنویر احمد علوی

ISBN 978-81-237-4177-4

44۔قرۃ العین حیدر کی منتخب کہانیاں (دوسری طباعت)

گیان پیٹھ انعام یافتہ اُردو کی عظیم تخلیق کار قرۃ العین حیدر کی کہانیوں کا کینوس بے حد وسیع ہوتا ہے جس میں برصغیر کی تاریخ اور تہذیب کا پس منظر ہوتا ہے۔ اس مجموعے میں شامل سب ہی کہانیاں مصنفہ کی فکر اور فن کے نادر نمونے ہیں۔

ISBN978-81-237-1247-2 صفحات:256

45۔قصہ غلام

رمیش چندر شاہ مترجم: عزیز اندوری

رمیش چندر شاہ کا یہ شہرت یافتہ ناول کندن لال ٹمٹا نام کے ایک مشہور دانشور کی کشمکش سے بھری زندگی کو ظاہر کرتا ہے جو ایک نچلے طبقے میں پیدا ہونے کی وجہ سے سماج سے باہر کیے ہوئے احساس سے دکھی ہے۔

ISBN978-81-237-3682-7

46۔قصہ پنجاب

مرتبہ: ہربھجن سنگھ مترجم: رام آسراراز

اس کتاب میں پنجاب کے کچھ مقبول عام قصوں کو نئے اسلوب اور نئے انداز سے پیش کیا گیا ہے۔ ان قصوں کے خاص موضوع محبت، تیاگ، قربانی، ضبط نفس اور روحانیت جیسی لافانی قدریں ہیں اور ان قدیم قصوں کو اس انداز میں بیان کیا گیا ہے کہ وہ آج بھی ہماری اپنی داستان معلوم ہوتے ہیں۔

صفحات:140

47۔کشمیری افسانے

مرتبہ: محمد زمان آزردہ مترجم: بشیر اختر

ISBN 978-81-237-4176-5 صفحات:201

48۔کس پہ کھولوں گنٹھری

کرتار سنگھ دُگل مترجم: رتن سنگھ

یہ ایک ایسے ادیب کی آپ بیتی ہے جو بیک وقت شاعر، ناٹک کار، کہانی کار اور ناول نگار ہے۔ یہ تخلیق آپ بیتی بھی ہے اور ایک ناول بھی، جس کا لطف شروع سے آخر تک برقرار رہتا ہے۔

ISBN978-81-237-4166-9

49۔کوسلا

بھال چندر نیماڈے مترجم: مشرف عالم ذوقی

کوسلا ایک بیس بائیس سالہ نوجوان کی خودنوشت ہے جس کا ہیرو آزادی کے بعد کی نسل کی نمائندگی کرتا ہے۔ نوجوان نسل کی نفسیات، اس کی تعلیم اور عملی زندگی کے درمیان کشمکش، مختلف سطحوں پر

گھریلو سنگھرش، اضطرابی کیفیت، اپنی جڑوں اور روایت کو تلاش کرتی ہوئی، نوجوان نسل کا نمائندہ ہیرو، دراصل مراٹھی ناول کا پہلا اینٹی ہیرو ہے۔

ISBN978-81-237-3684-3

50۔کوٹھے کھڑک سنگھ
رام سروپ انکھی — مترجم: شہلا نقوی

اس ناول میں پنجاب کے گزشتہ پچاس برس کی معاشرتی، معاشی اور سیاسی بحران کی عکاسی کی گئی ہے۔ یہ ناول تین نسلوں کی کہانی لیے ہوئے ہے۔ ناول کا مرکزی خیال پنجاب کے عوام کی نصف صدی کی دیہی زندگی ہے۔

صفحات:201 ISBN978-81-237-2909-1

51۔گاندھاری
این۔ڈی۔مہانور — مترجم: مناظر عاشق ہرگانوی

مراٹھی کے جدید شاعر این۔ڈی۔مہانور کا ناول گاندھاری بہت مشہور ہے اور نئی نسل میں بحث کا موضوع بنا ہوا ہے۔ یہ نظام حکومت کے خاتمے کے بعد کے دور کا ایک خاکہ ہے۔

ISBN978-81-237-4332-5

52۔گجراتی کے یک بابی ڈرامے
مرتبہ: اے۔ایم۔راول — مترجم: مظفر حنفی

اس مجموعے میں گجراتی زبان کے منتخب یک بابی ڈرامے یکجا کردیئے گئے ہیں۔

صفحات:232

53۔گنگا چیل کے پنکھ
ایل۔این۔بورا — مترجم: رضیہ سجاد ظہیر

آسام کی بدلتی ہوئی زندگی اور معاشرے کے بارے میں ایک بہت ہی دلچسپ ناول، جس میں تہذیب بھی ہے اور رومان بھی۔

صفحات:152

54۔گنگا میاّ
بھیرو پرساد گپت — مترجم: محمد علیم

بھیرو پرساد گپت کا شمار ہندی کے اولین افسانہ نگاروں اور ناول نگاروں میں ہوتا ہے۔ ''گنگا میاّ'' ان کا مشہور ناول ہے جس کے ہندی میں کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ہندوستان کی دوسری زبانوں کے علاوہ فرانسیسی اور پرتگالی زبانوں میں بھی اس کے تراجم مقبول عام ہو چکے ہیں۔

صفحات:110 ISBN 978-81-237-2693-7

55۔ گنگوا گنگا مائی

شنکر موکاشی پیکر — مترجم: عبدالحیٔ

گنگوا گنگا مائی، ایک گھریلو ناول ہے اور گزشتہ چند برسوں میں لکھی جانے والی کنڑ زبان کی اس لازوال تخلیق میں جدید ناول نگاری کی تمام خوبیاں موجود ہیں۔

صفحات:230 ISBN 81-237-2782-8

56۔ لہروں کی آواز

کلکی را۔ کرشنا مورتی — مترجم: راج نرائن راز

کلکی، تامل زبان کے ایک مقبول قلم کار تھے اور لہروں کی آواز، ان کا ایک بے حد کامیاب ناول ہے۔ قومی تاریخ کے بعض اہم اجزا اس ناول کے پس منظر کا جزو خاص ہیں اور اس میں ہماری جدوجہد آزادی کا زمانہ بھی شامل ہے۔ یہ ناول اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ شمالی اور جنوبی ہندوستان میں بھلے ہی طویل فاصلہ ہو لیکن وہ بندھے ہوئے ہندوستانیت کی زنجیر سے ہی ہیں۔ لہروں کی آواز، ایک ملک گیر ناول ہے۔

صفحات:361

57۔ ماہم کی کھاڑی

مدھو منگیش کرنک — مترجم: سلام بن رزاق

ماہم کی کھاڑی، ممبئ کی ایک خاص جھگی بستی کی عکاسی ہے۔ مدھو منگیش کرنک مراٹھی کے ایک مشہور اور مقبول قلم کار ہیں اور اُنھوں نے اپنے اس ناول کے توسط سے ایک غلیظ دُنیا کی تفصیل پیش کی ہے جسے پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ بلاشبہ ماہم کی کھاڑی، ممبئ کی گندی بستیوں کی زندگی اور ماحول پر ایک نمائندہ ناول ہے۔

صفحات:171

58۔ مترو مرجانی

کرشنا سوبتی — مترجم: مخمور سعیدی

کرشنا سوبتی ہندی کی ان گنی چنی افسانہ نگاروں میں ہیں جو کسی کی پیروی نہیں کرتیں اور خود ان کی بھی پیروی نہیں کی جاسکتی۔ یہ اسی مصنفہ کی سب سے زیادہ غیر رسمی تصنیف ہے۔

ISBN978-81-237-4348-3

59۔ مرا ہوا چاند

اُپیندر کشور داس — مترجم: عین الحسن

مرا ہوا چاند، اُڑیسہ کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں رہنے والے متوسط برہمن گھرانے کی لڑکی، سیہ بھاما کے دُکھ درد کی کہانی ہے۔ قدیم رسم و رواج کے حملوں سے ایک معصوم زندگی کس طرح مرجھا گئی، سادہ

اور عام بول چال کی زبان میں اسے بیان کیا گیا ہے۔ زندگی کی حقیقی عکاسی اور فطری کردار نگاری نے اس مختصر ناول کو اُڑیا ادب میں شاہکار کی حیثیت دے دی ہے۔

صفحات:112

60۔ میلا آنچل

پھنیشور ناتھ رینو — مترجم: سلمٰی صدیقی

ہندی کے مشہور و معروف قلم کار رینو کا مقبول ترین ناول جو مقامی رنگ لیے ہوئے ہے اپنی وسعت، کردار نگار اور کہانی کے اُتار چڑھائی کی بنا پر اسے شاہکار ناول کہا جاسکتا ہے۔ اس ناول میں پھول بھی ہیں اور کانٹے بھی، دھول بھی اور گلال بھی اور رینو نے کسی بھی رنگ سے اپنا دامن نہیں بچایا ہے۔

صفحات:364

61۔ میں

ہری نرائن آپٹے — مترجم: کشور سلطان

بدلتا ہوا مراٹھی سماج اس ناول کا موضوع ہے۔ اِنقلاب لانے کے لیے کتنی جدوجہد کرنی پڑتی ہے اسی کی تصویر کشی اس ناول میں کی گئی ہے۔

صفحات:212

62۔ من کی آنکھیں

رمن لال وسنت لال ڈیسائی — مترجم: مظہر الحق علوی

رمن لال وسنت لال ڈیسائی گجراتی زبان کے مقبول ترین قلم کار ہیں۔ ادب سے دلچسپی رکھنے والے گھرانوں میں رمن لال کے ناول بہت پسند کیے جاتے ہیں۔ من کی آنکھیں، سیاسی پس منظر میں لکھا گیا ایک رومانی ناول ہے۔

صفحات:296

63۔ مہاتما سے روپ کنور تک

لکشمی ناتھ پھکن — مترجم: ڈاکٹر عبدالحیٔ

اس کتاب میں سترہ سوانحی خاکے ہیں جو مہاتما گاندھی اور پنڈت نہرو کے علاوہ پندرہ آسامی مشاہیر کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے لکھے گئے تھے۔ یہ مضامین مبالغے، جانب داری اور بے جا تعریف و توصیف یا تعریض سے پاک ہیں اور اپنے ممدوحوں کی زندگی کا ایک ایسا متوازن اور منصفانہ جائزہ پیش کرتے ہیں جن میں ان کی عظمتیں اور بشری کمزوریاں دونوں پوری طرح جلوہ گر ہیں۔

صفحات:159

64۔ نٹ سمراٹ

وی۔ وی۔ شرواڈکر   مترجم: یونس آگاسکر

مراٹھی سے ترجمہ شدہ ناٹک 'نٹ سمراٹ' وی۔ وی۔ شرواڈکر کی ایک عظیم تخلیق ہے۔ اس تخلیق کو ساہتیہ اکیڈمی نے انعام سے نوازا ہے۔ اس ناٹک میں ہندوستانی معاشرے کی عام زندگی کی سنجیدگی اور سادگی دکھائی دیتی ہے۔ ایک عام انسان اپنی مختصر فطرت کی وجہ سے کس طرح بڑھاپے میں اپنی اولاد کا سہارا کھو دیتا ہے۔ ناٹک کار نے اس المناک صورتِ حال کی انتہائی مہارت کے ساتھ عکاسی کی ہے۔

صفحات: 000 ISBN 978-81-237-2638-0

65۔ نجات

شرت چندر چٹوپادھیائے   مترجم: عزیز احمد عثمانی

کم تر ذات کے مسئلے پر لکھی گئی کہانی اندازِ بیان کے نقطۂ نگاہ سے بے حد کامیاب پیشکش ہے۔ کہانی میں مسئلے کا مجموعی پس منظر، جذبات اور خیال نے اسی کے بصیرت افروز لمحات کی عکاسی میں کمال کیا ہے۔ زندگی کو سمجھنے کے مختلف زاویے نجات کے خاص کرداروں سے عیاں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ ناول حقیقت اور زندگی کے فلسفے کا امتزاج ہے۔

صفحات: 237

66۔ نیل کنٹھ پاکھی کی کھوج

اتین بندوپادھیائے   مترجم: راشد بسواتی

تقسیم سے پہلے اور اس کے بعد مشرقی بنگال کی دیہاتی زندگی پر اس ناول کی بنیاد ہے۔ انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں کے تفصیلاتی بیان کے سبب یہ ناول جدید بنگالی ادب میں ایک خاص مقام رکھتا ہے۔

صفحات: 447

67۔ نیا اردو افسانہ: ایک انتخاب

مرتبین: رام لعل
اور اقبال مجید

بیسویں صدی میں اردو کہانی لکھنے والوں کی جو نسل سامنے آئی ہے اس کے ساتھ اُردو کہانی کا مستقبل بجا طور پر وابستہ کیا جا سکتا ہے۔ اس انتخاب کے مرتبین کا شمار اردو کے مشہور کہانی کاروں میں کیا جاتا ہے۔ زیرِ نظر انتخاب میں نئے لکھنے والے افسانہ نگاروں کی بہترین کہانیاں شامل ہیں۔

صفحات: 231 ISBN 978-81-237-1706-7

68۔ نئی فصل
سجن بھٹاچاریہ — مترجم: سیدالابرار

یہ ڈرامہ بنگال کے اس بھیانک قحط کی کہانی ہے جسے نسل انسانی نے دوسری جنگ عظیم کے بعد خود پیدا کیا تھا۔ اس ڈرامے کی اہمیت اس وجہ سے بھی ہے کہ اس نے مکمل تھیٹر کے لوازمات اس وقت پورے کیے تھے جب تھیٹر محض فیشن میں داخل تھا۔

صفحات:134

69۔ نہ رادھا نہ رُکمنی
امرتا پریتم — مترجم: نندکشور وِکرم

پنجابی زبان کی مشہور ادیبہ امرتا پریتم کا نہ رادھا نہ رُکمنی ایک سوانحی ناول ہے، جو مشہور مصور ہر کرشن کی ذاتی زندگی پر مشتمل ہے۔ مصور کو زندگی میں نہ تو رادھا مل سکی اور نہ ہی رُکمنی۔ اس ناول میں ہر کرشن کی روایتی محبت کو اُجاگر کیا گیا ہے جو اصل کرشن کی زندگی سے مختلف ہے۔

ISBN978-81-237-4003-4

70۔ ہندی کے یک بابی ڈرامے
چندر گپت وِدّیالنکار — مترجم: محمد حسن

اُردو میں یک بابی ڈرامے کم لکھے گئے ہیں اس لیے اگر دوسری زبانوں سے ایسے ڈرامے اُردو میں آئیں تو وہ یقیناً اچھا اضافہ ہوگا۔ اس مجموعے میں ہندی دُنیا کے خوبصورت یک بابی ڈرامے شامل ہیں۔

صفحات:232

71۔ ہندی کے نئے یک بابی ڈرامے
مرتب: نیمی چندر جین — مترجم: بلراج ورما

ہندی ایکانکی یعنی ہندی کے یک بابی ڈراموں کا یہ اِنتخاب ناٹک سے متعلق دورِ حاضر کی مطبوعات میں ایک اضافہ ہے۔ اس اِنتخاب میں ہندی کے دس اہم ناٹک کاروں کی تخلیقات شامل ہیں۔

صفحات:236

72۔ یش پال کی منتخب کہانیاں
مرتبہ: راجندر یادو — مترجم: راشد سہوانی

سماج میں ذات پات اور کم آمدنی کی بنیاد پر لوگوں کی تقسیم دکھ اور مصیبتوں کو اس حد تک پہنچا دیتی ہے جہاں خودکشی اور آتم گھات کے علاوہ اور کوئی راستہ باقی نہیں رہ جاتا۔ غیر اِنسانی اور بے رحمی کی یہی تصویر سماج کے ڈھانچے کے خلاف نفرت پیدا کرتی ہے۔ ہندی ادب کے مشہور کہانی کار یش پال کی کہانیوں کا سفر ان ہی قدروں، مانیتاؤں، یقین اور حالات کے بگڑنے سے شروع ہوتا ہے۔ زیرنظر

اِنتخاب میں یش پال کی نمائندہ کہانیاں شامل ہیں۔

ISBN978-81-237-2783-6

73۔ یہ ہماری زندگی اور آدھے چاند کی رات
دلیپ کور ٹوانہ اور گردیال سنگھ

مترجم: عرش ملسیانی

اس کتاب میں پنجابی زبان کے دوشاہکار ناولٹ شامل ہیں۔ ''یہ ہماری زندگی'' دلیپ کور ٹوانہ کی تخلیق ہے اور ''آدھے چاند کی رات'' گردیال سنگھ کے فن کا نمونہ ہے۔ یہ دونوں ناولٹ نہ صرف پنجابی تہذیب وزندگی کے عکاس ہیں بلکہ اپنے المیہ اِختتام کی وجہ سے بے حد تاثراتی بھی ہیں۔

صفحات: 254

ہندوستان کی مختلف زبانوں کے بہترین افسانوں کے اِنتخابات جن کا مطالعہ متعلقہ زبان کے ارتقا، کلچر اور تمدن کے بارے میں تفصیلی معلومات مہیا کرتا ہے۔

74۔ گجراتی کہانیاں
مرتب: یشونت شکل اور انی رودھ برہم بھٹ
مترجم: مظہر الحق علوی

صفحات: 250

75۔ تیلگو افسانے
مرتب: پی ایس شرما اور وی پانڈورنگا راؤ
مترجم: کے گوپال کرشنا راؤ

صفحات: 256

76۔ اُڑیا افسانے
مرتب: پٹھانی پٹنایک
مترجم: مظفر حنفی

صفحات: 236

قومی سوانح

اس سلسلہ کے تحت نامور ہندوستانیوں یا ہندوستان سے جڑے ان نامور لوگوں کی سوانح شائع کی جاتی ہیں جنھوں نے مختلف شعبہ ہائے زندگی جیسے مذہب، فلسفہ، تاریخ، ادب، موسیقی یا سائنس میں اپنے قدموں کے نشان چھوڑے ہیں۔ اس سلسلہ کی کتابوں میں عموماً چند تصاویر، خاکے اور فوٹو ہوتے ہیں اور اگر صوفی شاعروں کی سوانح ہوتی ہے تو ان کے کلام کے نمونے بھی شامل کیے جاتے ہیں۔

1۔ آصف علی

سدھیر پنت

مترجم: آنند موہن زتشی گلزار دہلوی

آصف علی ایک درخشاں قوم پرست لیڈر تھے جنھوں نے مذہب کی بنیاد پر قومیت کے تصور کو قطعی مسترد کر دیا تھا۔ وہ ایک دانشور، قانون داں، قوم پرست، ادیب اور فنون لطیفہ کے صاحب ذوق نکتہ رس تھے۔ آصف علی کی یہ سوانح ان کی شخصیت کے رنگا رنگ پہلوؤں پر روشنی ڈالتی ہے۔

صفحات: 79

2۔ امیر خسرو (تیسری طباعت)

غلام سمنانی

امیر خسرو اپنے خیالات کی جدت اور شعروں کی کثرت کے اعتبار سے ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ امیر خسرو کو ہر صنف سخن میں مہارت حاصل تھی۔ آپ حضرت شیخ نظام الدین اولیا کے خاص مرید تھے۔ آپ ایک صوفی تھے مگر موسیقی سے بھی آپ کا بھرپور لگاؤ تھا۔ آپ میں ایک فنکار اور مہذب اِنسان کی تمام صفات موجود تھیں۔ درحقیقت یہ امیر خسرو کی ایک مختصر مگر جامع سوانح عمری ہے جس میں جدید تحقیق اور معلومات سے پورا استفادہ کیا گیا ہے۔

صفحات: 126 ISBN978-81-237-1582-7

اِنتخاب میں یش پال کی نمائندہ کہانیاں شامل ہیں۔

ISBN978-81-237-2783-6

73۔ یہ ہماری زندگی اور آدھے چاند کی رات

دلیپ کور ٹوانہ اور گردیال سنگھ

مترجم: عرش ملسیانی

اس کتاب میں پنجابی زبان کے دو شاہکار ناولٹ شامل ہیں۔ ''یہ ہماری زندگی'' دلیپ کور ٹوانہ کی تخلیق ہے اور'' آدھے چاند کی رات'' گردیال سنگھ کے فن کا نمونہ ہے۔ یہ دونوں ناولٹ نہ صرف پنجابی تہذیب و زندگی کے عکاس ہیں بلکہ اپنے المیہ اِختتام کی وجہ سے بے حد تاثراتی بھی ہیں۔

صفحات: 254

ہندوستان کی مختلف زبانوں کے بہترین افسانوں کے اِنتخابات جن کا مطالعہ متعلقہ زبان کے ارتقا، کلچر اور تمدن کے بارے میں تفصیلی معلومات مہیا کرتا ہے۔

74۔ گجراتی کہانیاں

مرتب: یشونت شکل اور انی رودھ برہم بھٹ

مترجم: مظہر الحق علوی

صفحات: 250

75۔ تیلگو افسانے

مرتب: پی ایس شرما اور وی پانڈورنگا راؤ

مترجم: کے گوپال کرشنا راؤ

صفحات: 256

76۔ اُڑیا افسانے

مرتب: پٹھانی پٹنا یک

مترجم: مظفر حنفی

صفحات: 236

قومی سوانح

